# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

# Maulana Azad National Urdu University

## B.A. (4 Year) IV Semester Even Semester Examinations- Apr/May-2026

Code: **BNUR401DCT** Paper: **Classiki Shayeri (Masnavi, Qasida)**

## پرچہ: کلاسیکی شاعری (مثنوی، قصیدہ)

وقت : Time : **3 Hrs** گھنٹے جملہ نشانات : **70** Maximum. Marks

**ہدایات:**

یہ پرچۂ سوالات (3) حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں (10) لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے (1) نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں (8) سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی (5) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (6) نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں (5) سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی (3) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (10) نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

**سوال : 1**

(i) مثنوی کس زبان کا لفظ ہے؟

(a) اردو (b) عربی (c) فارسی (d) ترکی

(ii) اردو کی پہلی مثنوی کون سی ہے؟

(a) کدم راؤ پدم راؤ (b) پرت نامہ (c) لیلیٰ مجنوں (d) قطب مشتری

(iii) میر حسن کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(a) لکھنؤ (b) دہلی (c) فیض آباد (d) آگرہ

(iv) مثنوی ''سحر البیان'' کہاں شائع ہوئی؟

(a) فورٹ سینٹ جارج کالج (b) فورٹ ولیم کالج (c) دہلی کالج (d) علی گڈھ کالج

(v) ''گلشنِ نگارین'' کے نام سے محل کی تعمیر کس نے کرائی؟

(a) تاج الملوک (b) زین الملوک (c) بکاولی (d) راجا اندر

(vi) ان میں سے کون قصیدے کا جز نہیں ہے۔؟

(a) تشبیب (b) گریز (c) سراپا (d) مدح

(vii) ایسی نظم جس میں کسی شہر یا خطۂ ارض کے اسبابِ انتشار کا بیان ہو۔۔۔۔۔کہلاتی ہے۔

(a) غزل (b) مرثیہ (c) شہر آشوب (d) مثنوی

(viii) قصیدے کو مضامین اور موضوعات کے لحاظ سے کتنی قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(a) تین (b) چار (c) پانچ (d) چھ

(ix) ذوق کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟

(a) شاہ نصیر (b)داغ دہلوی (c)مومن خاں مومن (d) مرزا غالب

(x) خاقانیِ ہند' کس شاعر کا خطاب ہے؟

(a)سودا (b)ذوق (c)غالب (d) شاہ نصیر

## حصہ دوم

2. دکنی میں لکھی گئی مثنویوں پر اظہارِ خیال کیجیے۔

3. میر حسن کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالیے۔

4. مثنوی سحرالبیان میں موجود فوق الفطری عناصر کا جائزہ لیجیے۔

5. مثنوی سحرالبیان میں نجم النساء کے کردار پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

6. شمالی ہند میں قصیدے کی روایت پر روشنی ڈالیے۔

7. شیخ محمد ابراہیم ذوق کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟لکھیے

8. مثنوی ''گلزارِ نسیم'' کی ادبی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

9. صنف قصیدہ کے زوال کے اسباب بیان کیجیے۔

## حصہ سوم

10. مثنوی کی تعریف کرتے ہوئے اس کے فن پر سیر حاصل بحث کیجیے۔

11. مثنوی کے عہد بہ عہد ارتقا کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

12. قصیدے کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی بیان کیجیے۔

13. سودا کا قصیدہ ''تضحیکِ روزگار'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

14. ذوق کا قصیدہ ''ساون میں دیا پھر مہ شوال دکھائی '' کا تجزیہ پیش کیجیے۔

☆☆☆